## محبّ وطن بنگالی عوام کے خلاف غیر قانونی اور متعصّبانہ اقدامات بند کئے جائیں، الطاف حسین

## لاکھوں کی تعداد میں غیر قانونی طور پر پاکستان میں آباد غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جارہا ہے

## محبّ وطن بنگالی عوام نہ صرف پاکستانی ہیں بلکہ سندھ کے مستقل باشندے بھی ہیں اوران کے ساتھ غیروں جیسا سلوک کرنا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے ایم کیوایم محبّ وطن بنگالی عوام کے ساتھ ہے اوران کے حقوق کیلئے آواز حق بلند کرتی رہے گی

لندن۔۔۔24 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت کی جانب سے محبّ وطن بنگالی پاکستانیوں کو تارکین وطن قرار دینے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ محبّ وطن بنگالی عوام کے خلاف غیر قانونی اور متعصّبانہ اقدامات بند کئے جائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے افغانی، ازبک اور چیچن لاکھوں کی تعداد میں غیر قانونی طور پر پاکستان میں آباد ہیں لیکن حکومت کی جانب سے ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جارہا ہے جبکہ پاکستان سے محبت کرنے والے بنگالیوں کو تارکین وطن قرار دیکر نہ صرف ان کی حب الوطنی کا مذاق اڑایا جارہا ہے بلکہ ان کے خلاف غیر قانونی اقدامات کر کے محبّ وطن بنگالی عوام کو ہراساں بھی کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے بنگالی نہ صرف محبّ وطن پاکستانی ہیں بلکہ سندھ کے مستقل باشندے بھی ہیں اوران کے ساتھ غیروں جیسا سلوک کرنا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر حکومت نے محبّ وطن بنگالی پاکستانیوں کے خلاف ظالمانہ اور متعصّبانہ اقدامات بند نہ کئے اور غیر قانونی تارکین وطن کے بجائے محبّ وطن بنگالی عوام کی بلا جواز گرفتاریوں کا سلسلہ بند نہ کیا تو ایم کیوایم،حکومت کے ظالمانہ اقدامات کے خلاف ہر سطح پر صدائے احتجاج بلند کرے گی۔جناب الطاف حسین نے محبّ وطن بنگالی عوام سے کہا کہ وہ خود کو ہرگز تنہا نہ سمجھیں، ایم کیوایم محبّ وطن بنگالی عوام کے ساتھ ہے اوران کے حقوق کیلئے آواز حق بلند کرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ محبّ وطن بنگالی عوام کے خلاف غیر قانونی اور متعصّبانہ اقدامات بند کرائے جائیں اوران کی بلا جواز گرفتاریوں کا سلسلہ بند کرایا جائے۔

## الطاف حسین نے سندھو دریا ڈے کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا

## تمام کارکنان سندھو دریا ڈے میں بھرپور شرکت کر کے اس مہم کو کامیاب بنائیں، الطاف حسین

## این ایف سی ایوارڈ، صوبہ سندھ کیلئے پانی کی منصفانہ تقسیم اور دیگر اہم ایشوز پر ایم کیوایم نے ہمیشہ اصولی مؤقف اختیار کر کے سندھ دھرتی کے عوام کی ترجمانی کی ہے

لندن۔۔۔24،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مقامی ٹی وی چینل کی جانب سے سندھو دریا ڈے کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے ماضی میں بھی عملی کردار ادا کرتی رہی ہے، این ایف سی ایوارڈ، صوبہ سندھ کیلئے پانی کی منصفانہ تقسیم اور دیگر اہم ایشوز پر ایم کیوایم نے ہمیشہ اصولی مؤقف اختیار کر کے سندھ دھرتی کے عوام کی ترجمانی کی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ
ایم کیوایم سندھ دھرتی اوراس کے عوام کے حقوق کیلئے ہر ممکن جدوجہد کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی سندھ دھرتی کے مفادات کیلئے سندھ کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کی ترجمانی کرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ سندھو دریا ڈے میں بھرپور شرکت کر کے اس مہم کو کامیاب بنائیں۔

## معروف دانشور اور کالم نگار ارشاد احمد حقانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

### ارشاد احمد حقانی کے انتقال سے دنیائے صحافت میں پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا

لندن۔۔۔24 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف دانشور اور کالم نگار ارشاد احمد حقانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ارشاد احمد حقانی کی ادبی وصحافتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے انتقال سے دنیائے صحافت میں پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا۔انہوں نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالی ارشاد احمد حقانی کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## شازیہ کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے،رابطہ کمیٹی

### گزشتہ دو روز سے میڈیا کی جانب سے کمسن شازیہ پر ڈھائے گئے مظالم کی داستان بیان کی جارہی ہے لیکن افسوس کہ پنجاب کے ارباب اختیار اور انتظامیہ کی کان پر جوں تک نہیں رینگی

کراچی۔۔۔24،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور میں 13 سالہ ملازمہ شازیہ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شازیہ کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی گزشتہ دو روز سے میڈیا کی جانب سے کمسن شازیہ پر ڈھائے گئے مظالم کی داستان بیان کی جارہی ہے اور پنجاب کے ارباب اقتدار کی توجہ اس سفاکانہ واقعہ پر مبذول کرائی جارہی ہے لیکن افسوس کہ ارباب اختیار اور انتظامیہ کی کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی اور معصوم شازیہ کے سفاک قاتل آج تک قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔آخر اس المناک واقعہ پر پنجاب کے ارباب اختیار اور انتظامیہ کہاں غائب ہیں؟رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے ارباب اقتدار اور انتظامیہ کے ذمہ داران ایک لمحہ کیلئے تصور کریں کہ اگر یہ المناک اور انسانیت سوز واقعہ ان کی بچی کے ساتھ پیش آتا تو ان کے دل پر کیا گزرتی؟کیا وہ اسی طرح مفاد پرستی اور بے حسی کا مظاہرہ کرتے؟رابطہ کمیٹی نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ معصوم شازیہ کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کرنے والے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## گجرات اور خانیوال میں کمسن بچی سمیت پانچ خواتین کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعات کا نوٹس لیا جائے،اراکین رابطہ کمیٹی

### ان گھناؤنے جرائم میں ملوث سفاک عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے

لاہور۔۔۔24،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا،سیف یار خان اور ڈاکٹر علی حسین نے صوبہ پنجاب کے شہر گجرات اور خانیوال میں کمسن بچی کو اغواء کر کے زیادتی کا نشانہ بنانے اور خانیوال میں چار خواتین کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں کمسن بچیوں سمیت خواتین کو اجتماعی زیادتی،انہیں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے اور قتل کرنے کے واقعات روزمرہ کا معمول بن گئے ہیں۔گزشتہ دنوں لاہور میں گھریلو ملازمہ شازیہ کو انسانیت سوز تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا گیا اور اس کے قاتل آج تک قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں جبکہ گزشتہ روز گجرات اور خانیوال میں کمسن بچی سمیت پانچ خواتین کے ساتھ اجتماعی زیادتی کا واقعہ انتہائی شرمناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ گجرات میں کمسن بچی کے اغواء اور اسے زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## پی ٹی سی ایل میں ہونے والے ریفرنڈم میں جیت ایمپلائز یونین کا ہی مقدر ہے، لیبر ڈویژن ایم کیوایم
## جنہیں اپنی شکست نظر آ رہی ہے وہ سرگرداں ہیں کہ کسی طور بھی ریفرنڈم کا انعقاد نہ ہو
## محنت کشوں کو منفی پروپیگنڈوں کا صبر وتحمل کے ساتھ مقابلہ کرنا ہوگا
## کیپٹل ایکسچینج PTCL میں منعقدہ محنت کشوں کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ PTCL میں 27 جنوری کو ہونے والے ریفرنڈم میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی حمایت کے بعد پورے پاکستان میں ایمپلائز یونین کو پذیرائی مل رہی ہے اوراس مرتبہ جیت ایمپلائز یونین کا ہی مقدر ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کہا کہ PTCL کیپٹل ایکسچینج میں منعقدہ محنت کشوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں محنت کشوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے لیبر ڈویژن کی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں کا ازالہ کیا جائے گا، ادارے میں چارٹرڈ آف ڈیمانڈ پیش نہیں کیا گیا تو اس بار (CBA) بننے کے بعد فی الفور نہ صرف چارٹرڈ آف ڈیمانڈ پیش کیا جائے گا بلکہ PTCL کے محنت کشوں کیلئے ایسا چارٹرڈ آف ڈیمانڈ منظور کرا کر دیا جائے گا جو قابل مثال ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہم ماحول کو آلودہ نہیں کرنا چاہتے، چند ناعاقبت اندیش جنہیں اپنی شکست صاف طور پر نظر آ رہی ہے وہ سرگرداں ہیں کہ کسی طور بھی ریفرنڈم کا انعقاد نہ ہو اور محنت کش پرامن ماحول میں اپنا حق رائے دہی استعمال نہ کرسکیں ۔انہوں نے کہا کہ شکست کے خوف میں مبتلا عناصر منفی ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں اور ہمارے پوسٹر، بینرز اور پرچموں کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کو ان منفی پروپیگنڈوں کا صبر وتحمل کے ساتھ مقابلہ کرنا ہوگا اورامن وامان، یگانگت اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہر محنت کش کو حق رائے دہی استعمال کرنے کا حق ہے، اختیار سب کیلئے، اس قول کو مدنظر رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ 27 جنوری 2010ء کو ہونے والا ریفرنڈم تمام تر نادیدہ قوتوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن معراج الدین کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔24، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے کی بناء پر ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن معراج الدین ولد شہاب الدین کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم سکھر اور بدین زون کے تحت سندھو دریا ڈے کے موقع پر ریلیاں نکالی گئیں
## ریلیوں میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت، شرکاء نے دریائے سندھ میں پھول بہائے اور پانی کی روانی کیلئے دعائیں کیں

کراچی۔۔۔24، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون اور بدین زون کے تحت سندھو دریا ڈے کے موقع پر ریلیاں نکالی گئیں جن میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن حبیب بلیدی، سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین، بدین زون کے زونل انچارج عقیل الدین، گھوٹکی زون کے زونل انچارج رانا کبیر، زونل کمیٹیوں کے اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے دریائے سندھ میں پھول بہائے اور دریائے سندھ کی روانی برقرار رہنے، اس کا پانی روکنے والوں کے عزائم کی ناکامی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔سندھ دریا ڈے کے موقع پر ایم کیوایم سکھر زون سے نکالی گئی ریلی بندر روڈ سے ہوتی ہوئی سادھ بیلے پہنچی جبکہ ایم کیوایم بدین زون کے تحت نکالی گئی ریلی ایوان صحافت اور بدین پریس کلب قاضیہ واہ تک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن عزیز احمد خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈر زونگ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن عزیز احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عزیز احمد خان مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن شبیر قائمی کی خوشدامن اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عزیز احمد خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈر زونگ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن عزیز احمد خان اور ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن شبیر قائمی کی خوشدامن محترمہ مریم بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے یوتھ ایڈوائزری کونسل اور پروفیشنل ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کو تحلیل کردیا،کونسل آف پروفیشنل کی تشکیل

کراچی۔۔۔24،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے دوشعبہ جات یوتھ ایڈوائزری کونسل اور پروفیشنل ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کو فوری طور پر تحلیل کردیا ہے اور کونسل آف پروفیشنل کے نام سے نیا شعبہ قائم کردیا ہے جس میں تین رکنی ورکنگ کمیٹی بنائی گئی ہے ورکنگ کمیٹی کے انچارج علی راشد ہوں گے۔

## جمہوری طریقہ پر عمل کر کے سرائیکی صوبہ کا قیام سرائیکی عوام کی امنگوں کے مطابق عمل میں لایا جائے،ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ

## موجودہ طبقاتی نظام سے پیدا شدہ مسائل کا حل الطاف حسین کی سوچ اور فلسفے میں موجود ہے،خواجہ عطااللہ

## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے درگاہ حضرت خواجہ شاہ سلمانؒ کے مزار پر چادر پوشی 164 ویں عرس کی تقریب کے موقع پر میڈیا سے خصوصی گفتگو

ڈیرہ غازیخان۔۔۔24،جنوری2010ء

سرائیکی صوبے کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے متحدہ قومی موومنٹ اکثریت کی رائے پر یقین رکھتی ہے اور سرائیکی صوبہ کا قیام اس علاقہ کی اکثریت کا دیرینہ مطالبہ ہے لہٰذا سرائیکی صوبہ کا قیام جمہوری طریقہ سے عمل میں لایا جائے۔ان خیالات کا اظہار معروف مذہبی اسکالر وحق پرست سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ نے لوئر پنجاب کے انچارج کرامت علی شیخ کے ہمراہ حضرت خواجہ شاہ سلمانؒ کے 164 ویں عرس کی تقریبات میں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر پوشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سجادہ نشین درگاہ شریف وسابق وفاقی وزیر خواجہ عطااللہ اور ایم کیوایم کے ڈسٹرکٹ انچارج یعقوب لاشاری ،جوائنٹ انچارج مرزا جمیل اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ نے کہا کہ موجودہ بلدیاتی نظام بہترین نظام ہے تاہم جہاں یہ نظام ناکام ہوا وہاں اس کو چلانے والوں کی کوتاہیوں اور کرپشن کا عمل دخل ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم دہشت گردی اور طالبانائزیشن کی ہر سطح پر مذمت کرتی ہے۔تقریب سے سجادہ نشین درگاہ عالیہ حضرت خواجہ عطااللہ نے میڈیا سے مختصراً گفتگو میں کہا کہ دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے فوج کا کردار قابل تعریف ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ طبقاتی نظام سے پیدا شدہ مسائل کا حل الطاف حسین کی سوچ اور فلسفے میں موجود ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم آج تیزی سے عوام میں مقبول ہورہی ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ الطاف حسین کو عوام کے حقوق کی جدوجہد میں کامیاب کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆